ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت ®

آفاقی معلومات کا علمبردار

مئی ۲۰۱۳

سید انتظار حسین شاہ

بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت ®
آفاقی روحانیت کا علمبردار — لاہور

جلد نمبر 66 | MAY 2013 | شمارہ نمبر 02

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے

سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبر شپ 8000 روپے
لائف ممبر شپ 800 ڈالر For 12 Years













ہیڈ آفس: کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II، لاہور
فون: 35872277 ,042-35752277 فیکس: 042-35755253
موبائل: 0300-9483758

کراچی آفس: کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ، کراچی 74200
فون: 021-32217544
E-Mail: aienaeqismat@gmail.com

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

امین عاصم

ذرّے ذرّے میں پنہاں ہے اِک کائنات
ذرّے ذرّے میں موجود ہے تیری ذات
تو خدائے محمدؐ نہیں بے ثبات
تجھ پہ قربان سب موت ہو یا حیات
یہ پہاڑوں کے پتھر، یہ پیڑوں کے پات
سب ہی تیری بیاں کر رہے ہیں صفات
خوب صورت پرندے جو گاتے ہیں گیت
سچ تو یہ ہے ادا کر رہے ہیں صلوٰۃ
بہتا راوی ہو کہ جھیل سیف الملوک
تیرے مظہر ہیں سب نیل ہو یا فرات
حمدِ باری تعالیٰ میں مشغول ہیں
یہ زباں اور یہ آنکھیں، یہ دل اور یہ ہات

حدیث قدسی

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اکہ جب میں کسی مومن بندے کی محبوب چیز اس دنیا سے اٹھا لیتا ہوں پھر وہ ثواب کی نیت سے صبر کرے، تو اس کا بدلہ جنت ہی ہے۔



نعت

مظہر بھوپالی

اپنے اشکوں کو مدینے میں بہا کر آؤں
بوجھ پلکوں پہ سہی اُس کو ہٹا کر آؤں
دِیپ اشکوں سے مدینے میں جلا کر آؤں سو
گیا ہو تو مقدر بھی جگا کر آؤں
وہ تو بگڑی ہوئی تقدیر بنا دیتے ہیں
اپنی قسمت بھی اُسی در سے بنا کر آؤں
اُن کے روضے کا جو دیدار مجھے ہو جائے
سبز گنبد کو بھی نظروں میں بسا کر آؤں
اُن کے دامن سے لپٹ جاؤں گا طیبہ جا کر
ہو گئے ہوں تو خفا اُن کو منا کر آؤں
اُن کے قدموں کی بنوں خاک مدینے میں مظہرؔ
اِس طرح جاؤں مدینے کہ نہ جا کر آؤں

منقبت



مظہر بھوپالی

حُبِّ آلِ مصطفیٰؐ اجر رسالت ہو گئی
تذکرہ میں نے کیا میری عبادت ہو گئی
وارثِ دینِ نبی جب سے امامت ہو گئی
ہم بھی بخشے جائیں گے اِس کی ضمانت ہو گئی
حُبِّ آلِ مصطفیٰؐ مجھ کو عنایت ہو گئی
خوفِ محشر کا نہ ہو گا یہ ضمانت ہو گئی
اُن کی الفت فرض کر دی ہے خدا نے اس لیے
پنجتن کے نام سے دین کی حفاظت ہو گئی
اَجر یہ رکھا ہے رب نے پنجتن کے نام کا
تذکرہ جو بھی کرے اُس کی تلاوت ہو گئی
آپ کی عظمت کا عالم کون سمجھے گا مظہرؔ
دین پر ہو کر فدا فخرِ رسالت ہو گئی



الیکشن سے قبل اے اہلِ فکر اے اہلِ فکر کچھ سوچ

از تحریر: ذوالفقار علی بھٹہ، لاہور

ایک ایسا سماج جو آئندہ خوفناک تباہی سے دو چار ہونے والا ہو
اس سماج کو ایسی تباہی سے بچانا ہے ممکن کیسے؟
ملاں اور ملاں ازم کو (آج کا اسلام اس کے علاوہ کچھ نہیں ہے)
بھلائے بغیر یکسر نظر انداز کیے بغیر
اس تباہی کو آئی چاہتی تباہی کو
نونہالوں کے سامنے کھڑی تباہی سے بچانا ہے ممکن کیسے؟
ایسے سماج کو عہد جدید کے تقاضوں کو سمجھنے کی بصیرت حاصل ہو کیسے؟
ایسے سماج میں سائنس فروغ حاصل کرے گی کیسے؟
آئی چاہتی تباہی سے ہم بچ پائیں گے کیسے؟
ملاں اور ملاں ازم کے خوگر ہمارے سماج نے
خود کو کسی کام کی کیسی اہلیت کا حامل بنایا ہے؟
کوئی کسی بہتر حوالے کو ثابت کرے گا کیسے؟
عام ہوں یا خاص تعلیم یافتہ ہوں یا غیر تعلیم یافتہ
سچائیوں سے فرار اور عقیدوں کے بحر زخار میں غوطہ زن ہیں
جھوٹ ہے یہ کیسے؟
ان سب کو ہم سب کو
خوابوں میں گزر بسر کرنا ہے؟
یا حقیقتوں کے بحر زخار سے گزرنا ہے؟
کوئی عوام کو سمجھائے یہ کیسے؟
اے اہل فکر اے اہل فکر
کروڑوں انسانوں کو خواب فراموشی سے بیدار کرنا ہوگا
مگر ممکن ہے یہ کیسے؟

بہت حد تک مشکل ہے
کہ اگر ہم سلجھا پائیں
گزرے کل کے نہیں عصر حاضر کے ہم بن جائیں انسان
ہمارا مذہب ہے انسانیت اور بس انسانیت
سچے فکر و فہم سے کہہ دیں ہم ہاں
اس یقین و ایمان کے بغیر
بڑی تباہی سے ہم بچ پائیں گے کیسے؟
سائنس سے انسانیت کی تشکیل نو ہے
سائنس حکمت خاص ہے
بے نقاب طرز عمل ہے بے حیا ہے
براہ راست بے باک رویہ ہے
ایسے ہی سائنس سے نمایاں زندگی کا جوہر خاص ہے
کہیں سائنس نام تلاش جوہر خاص ہے
سچ سے عبارت ہے بدلتی حقیقتوں کی نقیب ہے
اس سچ کے علاوہ حق ثابت ہے کیسے؟
مالک کی حکمتیں ہیں بے حساب یہ بات جھوٹ ہے کیسے؟
کسی مذہب و نبی پیغمبر کا فرمان اللہ کی مرضی کے سامنے کیا ہے؟
ہے کوئی ایسا جو ثابت کرے ایسے؟
کسی کو بھی آنے والے ادوار کا علم نہیں تھا ایسے
اللہ ہی سب جانتا ہے جیسے
کسی کو اس نے کچھ نہیں بتایا
ناداں ہیں جو نہیں مانتے ایسے

(بقیہ صفحہ نمبر 14 پر)

مولائے کائنات کی عنقریب شائع ہونے والی کتاب "کلام الامام امام الکلام" کا ایک ورق

از انتخاب: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی۔ لاہور

کلام الامام امام الکلام

- بخیل آدمی دنیا میں محتاج رہتا ہے اور دنیا شر اور برائی کا کھیت ہے۔
- آخرت سعادت مند لوگوں کا حصہ اور دنیا بد بختوں کی آرزو ہے۔
- بادشاہ دین کے محافظ ہیں۔
- خدا پر توکل تب ہو سکتا ہے کہ جب یقین کامل ہو، شک دین کو بگاڑ دیتا ہے۔
- انصاف رعیت کے بقا کا باعث اور شریعت مخلوق کے سنورنے کا ذریعہ ہے اور فوجیں اور لشکر رعیت کے قلعے ہیں۔
- عادت ایک دوسری طبیعت ہو جاتی ہے۔
- انصاف بادشاہ کی بزرگی اور فضیلت ہے۔
- غم دلوں کی بیماری اور جھوٹ یا خلاف وعدگی لڑائی جھگڑے کا سبب ہے۔
- خط اور لکھنا ہاتھ کی زبان ہے۔
- فکر راست روی کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔
- گھڑیوں اور پہروں کا گزرنا عمر چھینتا یعنی ختم کرتا ہے اور موت/ اموات امیدوں کو کاٹتی ہیں۔
- ظلم نعمتیں دور کرتا اور سرکشی عذاب لاتی ہے۔
- عاجزی کا ثمرہ ملاکت ہے۔
- شریف آدمی اچھی خصلت رکھتا ہے۔
- مومن دانا اور عقلمند اور کافر بدکار اور نادان ہے۔
- خدائی توفیق کا نہ ہونا جہالت کا مددگار ہے۔
- عقل آفتوں کے بچاؤ کے لیے ایک حجاب ہے۔
- پرہیزگاری گناہوں سے بچنے کے لیے ایک ڈھال اور تقویٰ تمام نیکیوں کا سر ہے۔
- شک ایمان کو برباد کرتا اور حرص یقین کو بگاڑتی ہے، شک جہالت کا ثمرہ ہے۔
- خود بینی عقل کو بگاڑتی ہے۔
- اخلاص دین کی غایت اور رضا بقضا یقین کا ثمرہ ہے۔
- پاک دامنی عقلمندوں کی خصلت اور زیادہ حرص گندے اور ناپاک لوگوں کی عادت ہے۔
- علم نہایت اعلیٰ درجے کی کامیابی اور اطاعت ہمیشہ باقی رہنے والی عزت ہے۔
- عقلمند وہ ہے جو اپنی امیدوں کو کم کرے اور شریف وہ ہے جس کی خصلتیں بزرگ اور اچھی ہوں۔ نفاق (یعنی زبان سے اقرار اور دل سے انکار) نہایت بری خصلت ہے۔
- خندہ پیشانی سے یاد کرنے سے دوستوں کے ساتھ انس اور محبت پیدا ہوتی ہے۔
- نفاق شرک کا بھائی اور خیانت جھوٹ کی بہن ہے۔
- نفاق کفر کا ہمزاد بھائی اور دل میں کھوٹ رکھنا بہت بڑا مکر ہے۔
- نفاق ایمان کو بگاڑتا اور جھوٹ انسان کو عیب لگاتا ہے۔
- حق نہایت روشن راستہ اور سچائی بہت اچھی رہنما ہے۔
- جھوٹ پستی اور ذلت کا موجب ہے۔
- منت رکھنا اور جتلانا نیکی کو برباد کر دیتا ہے۔
- زہد نیکی کی کنجی اور پرہیزگاری کامیابی کا چراغ ہے۔
- تقویٰ اخلاق کا رئیس اور بردباری نرمی طبع کی زینت ہے۔
- پرہیزگاری نہایت اچھا ساتھی اور تقویٰ ایک مضبوط قلعہ ہے۔
- طمع اور لالچ ہمیشہ کی غلامی اور ناامیدی ایک نئی یا عمدہ آزادی ہے۔
- صبر بلا کے مقابلے کے لیے عمدہ سامان، شکر نعمتوں کی زینت اور قناعت رضامندی کا سرمایہ ہے۔



تنویر الجفر
دست غیب نورانی
آثار الجفر

از تحریر: تنویر عصری، راولپنڈی

دست غیب معنیٰ و مفہوم

دست غیب سے مراد خالق حقیقی کی طرف سے عامل کے وجود ظاہری کی مادی و روحانی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے خصوصی فضل و کرم سے انفرادی اسباب مہیا کرنا ہے۔ بزرگانِ دین جو کہ روحانی طور پر زندہ ہیں، ان کے مزاروں پر نیاز کی صورت میں مستقل غریبوں کا، رزق حاصل کرنا دست غیب کی اعلیٰ مثال ہے۔ دست غیب کا ہر عمل حروفِ نورانی پر مبنی ہے۔

حروفِ نورانی کی بنیاد حروفِ مقطعات پر

قرآن کریم معجزہ محض ہے۔ سورتوں کی ابتداء میں استعمال ہونے والے "حروف مفردہ" جو کہ اصطلاح میں مقطعات کہلاتے ہیں، وہ بھی اعجاز خداوندی اور معجزہ محض ہونے کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ حروفِ مقطعات انتیس (29) سورتوں میں موجود ہیں۔ جن کی تعداد 39 یعنی 12 مفرد 3 بنتی ہے۔ جو کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا عدد مفرد بنتا ہے۔ اگر ان کے مکرر حروف حذف کر دیے جائیں تو خالص حروف "ال م ص ر ک ہ ی ع ط س ح ق ن" رہ جاتے ہیں۔ انہیں حروف کو "حروفِ نورانی" سے پکارا جاتا ہے۔ ان چودہ حروف کو جفر جامع کی بنیاد پر رکھتے ہوئے "تکسیر موخر صدر" کیا گیا تو جو بامعنیٰ عبارت بنتی ہے، یہ ہے:

عَلِیٌّ صِرَاطُ حَقٍّ نُمْسِکُہٗ۔ علیؑ کا راستہ (یعنی ولایت علیؑ برحق ہے)۔ اس جملہ کو ترکیب ترتیبی میں بدلا جائے تو یہ بنتا ہے۔ صِرَاطُ عَلِیٍّ حَقٌّ نُمْسِکُہٗ۔ اس جملے کے اعداد 693 بنتے ہیں، جس کا مفرد 18 سے 9 بنتا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ اسم اَلْمُتَکَبِّرُ کے اعداد بھی 693 ہی بنتے ہیں۔ اس کے بھی اعداد 18 سے 9 بنتے ہیں۔ یعنی فخر و مباہات عرش پر خالق کائنات کو اور فرش پر علیؑ کو زیبا ہیں۔ حسنِ اتفاق یہ بھی ہے کہ قرآن کریم کی سورۃ "ن" کی آیت "نٓ وَالقلم وَمَا یسطرون" کے اعداد 639 بنتے ہیں، جس کے اعداد بھی 18 سے 9 بنتے ہیں۔ یہ اعداد کی مماثلت بھی "باب العلم" یعنی "علیؑ" کی طرف مخفی اشارہ ہے۔

جن لوگوں کا عدد 18 سے 9 بنتا ہے، خواہ پیدائش کے اعتبار سے یا "نام" کے اعتبار سے ان کو "صِرَاطُ عَلِیٍّ حَقٌّ نُمْسِکُہٗ" کا ورد اول و آخر درود کے ساتھ 18 مرتبہ ہر نماز کے بعد جاری رکھنا چاہیے اور نام کے اعداد کے برابر "المتکبر" کا ورد اور "اسم المتکبر" کا نقش یا لوح اپنے پاس رکھنا نہایت ہی مفید ثابت ہو گا۔ اسی طرح 693 اعداد کا آتشی چال کی مثلث کا نقش شرفِ قمر یا شرفِ مریخ میں تیار کر کے گولڈن کپڑے یا کاغذ میں رکھ کر استعمال کرنا اور 70 مرتبہ "صراط علی حق نمسکہ" کا ورد فتوحات کے دروازے کھول دے گا۔

ملا محسنؒ نے تفسیر صافی میں یہی تاویل لی ہے۔ یعنی 14 معصومینؑ کا راستہ صراط مستقیم ہے۔ نیز صاحب "غرائب القرآن و رغائب الفرقان" طبع مصر جناب نظام الدین الحسنؒ بن محمدؒ بن الحسینؒ (المتوفیٰ ۷۲۸ ہجری) نے اس بامعنیٰ عبادت کی ترکیب کی شہرت کا ذکر فرمایا ہے۔ جو کہ اہل ایمان و ایقان کے لیے سرمہ بصیرت ہے۔ کیونکہ قرآن کریم جبکہ ظاہری اعتبار سے اعجازی حقیقت رکھتا ہے، اسی طرح باطنی حقیقت بھی عین حق ہے۔ نیز اس حقیقت کا اعتراف علامہ زمخشریؒ نے اپنی تفسیر کشاف میں بھی کیا ہے۔

زکاتی نقش کی روحانی کیفیت

مثلث نقش پر غور کریں تو ظاہر ہو گا کہ اس کی بنیاد ابجد کے حرف "ص" کی بنتی



ہے۔ جس کا مرتبہ ابجد قمری میں (اٹھارواں 18) بنتا ہے، جس کا مفرد 9 ہے اور اس لفظ کی منزل قمری "قلب" بنتی ہے۔ "ص" اسم الٰہی اور اسم اعظم ہے۔ جس کی خالق حقیقی نے سورۃ "ص" میں قسم کھائی ہے۔

اس پوری تکسیر جفری میں حرف "ص" 420 مرتبہ دہرایا گیا ہے۔ اگر اس 420 کی تعداد کو اس کی قیمت قمری (جو کہ 90 بنتی ہے) ضرب دی جائے تو 37800 کی قیمت ظاہر ہوتی ہے، عددی اعتبار سے۔ اس کو دوبارہ جمل عظیر کر کے مفرد کیا جائے تو 9 کو استحکام حاصل ہوتا ہے۔ مرتبہ قمری اور قیمت عددی دونوں اعتبار سے عدد 9 کو ابجد قمری میں تبدیل کیا جائے تو لفظ "ط" حاصل ہوتا ہے، جس کا مخفی اشارہ "سورۃ طٰہٰ" کی طرف ملتا ہے۔ جس کے مخاطب حضور اکرمؐ کی ذات بابرکات بنتی ہے اور طٰہٰ کی عددی قیمت 14 بنتی ہے۔ جن سے 14 معصومینؑ کی برکات کا شامل ہونا ظاہر ہوتا ہے۔ اب اگر نتیجتاً (ص 90+طٰہٰ 14+ علیؑ 110=214) کا جمل صغیر بنایا جائے تو عدد 7 حاصل ہوتا ہے۔ جو کہ سورۃ الحمد کی آیات کی طرف نسبت رکھتے ہوئے ساتوں آسمانوں کی نعمات الٰہیہ کے کھلنے کو ظاہر کرتا ہے۔

شرائط و احتیاطیں

(1) ہر ماہ عمل سے قبل ایک ہفتہ گوشت، لہسن، پیاز، سرکہ وغیرہ بدبودار چیزوں کا کچا استعمال بند کر دیں اور منہ میں الائچی چبانا شروع کر دیں۔ اختتام عمل تک پرہیز لازمی ہے۔ عام افراد کے لیے جو حضرات تسخیر حروفِ نورانی روحانیات کی نیت سے عمل کریں، وہ جلالی، جمالی مکمل پرہیز کریں۔

(2) دورانِ عمل واجبات کی باجماعت ادائیگی، غریب غرباء میں حسب توفیق خرچ اور منہ میں الائچی رکھ کر منہ کو درود و استغفار سے مزین رکھیں۔

(3) اگر عمل میں خلل واقع ہو گیا تو نئے سال یکم رجب سے دوبارہ شروع کرنا پڑے گا۔

(4) یہ عمل یکم رجب سے شروع کر کے مسلسل 14 تاریخ تک کرتے رہنا ہے اور کل مدت عمل 14 ماہ کی ہے، ہر ماہ چاند کی شروع 14 تاریخوں میں دہرانا ہے۔

(5) اپنے عمل کو مخفی رکھے، دست غیب کی صورتوں کو بھی مخفی رکھنا ہے، ورنہ نظر بد و حسد سے عمل کی تاثیر ختم ہو جائے گی۔

(6) 14 دن کے نقوش کو محفوظ کر کے آخر میں آٹے میں لپیٹ کر بہتے پانی کے سپرد کرنا ہے اور کرتے ہوئے جناب خضرؑ کو ہدیہ سلام پیش کر کے کہنا ہے کہ "میں یہ رزق آپ کی آبی مخلوق کے لیے لایا ہوں، اس کی برکت سے آپ میرے رزق دست غیب کے اسباب ظاہر فرمائیں"۔

(7) اس عمل کا اثر عمر بھر باقی رہے گا، بشرطیکہ رضائے الٰہی کی خاطر صلہ رحمی کرتے ہوئے واجبات کی ادائیگی اور مخلوقات کے حقوق کا خیال رکھا جائے۔

(8) تکمیل زکوٰۃ کے بعد اس نقش کو زعفران سے تیار کر کے بطور تعویذ جملہ مشکلات سے نکل کر فتح و کامرانی کے ہر مقصد خیر کی حاجت روائی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ نیز عامل دوسروں کو بھی استعمال کروا سکتے ہیں۔

(9) تکمیل زکوٰۃ پر 2 رکعت شکرانے کے ادا کرنے کے بعد 110 روپے کی سفید برفی و گولڈن لڈوؤں پر نیاز دے کر امام بارگاہ یا کسی بزرگ کے مزار پر تقسیم کر دیں۔ ہدیہ نماز 14 معصومینؑ کو پیش کرنا ثواب ہے۔

طریقہ زکوٰۃ

(1) عامل زکوٰۃ ہر روز غسل کر کے، سفید لباس زیب تن کر کے، صندل و لوبان کا بخور جلا کر، سرخ و سفید یا مٹی، جا نماز کو استعمال میں لاتے ہوئے ایک ہی مقام پر تنہائی میں نقش لکھے گا۔

(2) روز اول رجال الغیب کا خیال رکھنا ہے۔

(3) کلمات نقش "صِرَاطُ عَلِيٍّ حَقٌّ نُمْسِكُهُ" کا ورد نقوش لکھنے کے دوران کرتے رہنا ہے۔

(4) نقش کو بعد نماز فجر، زعفران و عرقِ گلاب کی سیاہی سے انار شیریں یا کسی بھی میٹھے پھل دار درخت کی قلم سے لکھنا ہے۔

اگر ممکن نہ ہو تو لکڑی کے قلم سے سرخ روشنائی سے لکھ لے۔ البتہ تکمیل زکوٰۃ کا آخری نقش لازمی زعفران و عرقِ گلاب سے لکھ کر پہن لے اور سورۃ نور، آیت 35 کو 5 مرتبہ اور 315 مرتبہ "صِرَاطُ عَلِيٍّ حَقٌّ نُمْسِكُهُ" کا ورد اول و آخر درود کے ساتھ تاحیات جاری رکھے۔

نیت ادائیگی نماز

2 رکعت نماز حاجت (صبح کی طرح) پڑھتا ہوں، بتکمیل زکوٰۃ نورانی دستِ غیب باب العلم علیؑ ابن ابی طالب سے مدد چاہتے ہوئے زیر سایہ امام عصرؑ سنت قربۃً اِلَی اللہ کے بعد تکبیر نماز کی کہنی ہے۔ نماز کی تکمیل کے بعد 11 یا 101 یا 110 مرتبہ درود ابراہیمی کی تلاوت۔ 110 مرتبہ یا علیؑ کی تسبیح 5-12-14 میں کسی ایک تعداد میں پارہ 18، سورۃ النور کی آیت 35 کی تلاوت مکمل کرکے بسم اللہ کے بعد "صراط علیٍ حقٌ نمسکہٗ" کے ورد کے ساتھ نقش کی دیواریں لکھ کر اندرونِ نقش کی ابتداء کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ص ر ا ط ع ل ی ح ق ن م س ک ہ

صراط

ص ص ص ص	ص ص ص ر	ص ص ص ا	ص ص ص ط	ص ص ص ع	ص ص ص ل	ص ص ص ی	ص ص ص ح	ص ص ص ق	ص ص ص ن	ص ص ص م	ص ص ک س	ص ص ص ک	ص ص ص ہ
ص ص ر ص	ص ص ر ر	ص ص ر ا	ص ص ر ط	ص ص ر ع	ص ص ر ل	ص ص ر ی	ص ص ر ح	ص ص ر ق	ص ص ر ن	ص ص ر م	ص ص ر س	ص ص ر ک	ص ص ر ہ
ص ص ا ص	ص ص ا ر	ص ص ا ا	ص ص ر ط	ص ص ر ع	ص ص ا ل	ص ص ا ل	ص ص ا ح	ص ص ا ق	ص ص ا ن	ص ص ا م	ص ص ا س	ص ص ا ک	ص ص ا ہ
ص ص ط ص	ص ص ط ر	ص ص ط ا	ص ص ط ط	ص ص ط ع	ص ص ط ل	ص ص ط ی	ص ص ط ح	ص ص ط ق	ص ص ط ن	ص ص ط م	ص ص ط س	ص ص ط ک	ص ص ط ہ
ص ص ع ص	ص ص ع ر	ص ص ع ا	ص ص ع ط	ص ص ع ع	ص ص ع ل	ص ص ع ی	ص ص ع ح	ص ص ع ق	ص ص ع ن	ص ص ع م	ص ص ع س	ص ص ع ک	ص ص ع ہ
ص ص ل ص	ص ص ل ر	ص ص ل ا	ص ص ل ط	ص ص ل ع	ص ص ل ل	ص ص ل ی	ص ص ل ح	ص ص ل ق	ص ص ل ن	ص ص ل م	ص ص ل س	ص ص ل ک	ص ص ل ہ
ص ص ی ص	ص ص ی ر	ص ص ی ا	ص ص ی ط	ص ص ی ع	ص ص ی ل	ص ص ی ی	ص ص ی ح	ص ص ی ق	ص ص ی ن	ص ص ی م	ص ص ی س	ص ص ی ک	ص ص ی ہ
ص ص ح ص	ص ص ح ر	ص ص ح ا	ص ص ح ط	ص ص ح ع	ص ص ح ل	ص ص ح ی	ص ص ح ح	ص ص ح ق	ص ص ح ن	ص ص ح م	ص ص ح س	ص ص ح ک	ص ص ح ہ
ص ص ق ص	ص ص ق ر	ص ص ق ا	ص ص ق ط	ص ص ق ع	ص ص ق ل	ص ص ق ی	ص ص ق ح	ص ص ق ق	ص ص ق ن	ص ص ق م	ص ص ق س	ص ص ق ک	ص ص ق ہ
ص ص ن ص	ص ص ن ر	ص ص ن ا	ص ص ن ط	ص ص ن ع	ص ص ن ل	ص ص ن ی	ص ص ن ح	ص ص ن ق	ص ص ن ن	ص ص ن م	ص ص ن س	ص ص ن ک	ص ص ن ہ
ص ص م ص	ص ص م ر	ص ص م ا	ص ص م ط	ص ص م ع	ص ص م ل	ص ص م ی	ص ص م ح	ص ص م ق	ص ص م ن	ص ص م م	ص ص م س	ص ص م ک	ص ص م ہ
ص ص س ص	ص ص س ر	ص ص س ا	ص ص س ط	ص ص س ع	ص ص س ل	ص ص س ی	ص ص س ح	ص ص س ق	ص ص س ن	ص ص س م	ص ص س س	ص ص س ک	ص ص س ہ
ص ص ک ص	ص ص ک ر	ص ص ک ا	ص ص ک ط	ص ص ک ع	ص ص ک ل	ص ص ک ی	ص ص ک ح	ص ص ک ق	ص ص ک ن	ص ص ک م	ص ص ک س	ص ص ک ک	ص ص ک ہ
ص ص ہ ص	ص ص ہ ر	ص ص ہ ا	ص ص ہ ط	ص ص ہ ع	ص ص ہ ل	ص ص ہ ی	ص ص ہ ح	ص ص ہ ق	ص ص ہ ن	ص ص ہ م	ص ص ہ س	ص ص ہ ک	ص ص ہ ہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ص ر ا ط ع ل ی ح ق ن م س ک ہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ص ر ا ط ع ل ی ح ق ن م س ک ہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ص ر ا ط ع ل ی ح ق ن م س ک ہ



نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ مئی 2013ء

آسمانی کونسل میں نظرات سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، تثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئینِ آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے، اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، اِنتہا اور خاتمہ کے اوقاتِ عملیات کو شامل کرکے ہم نے عاملینِ، شائقین عملیات کے لئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو اگلے صفحہ پر ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی موثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2013ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر بھی بن سکتی ہے جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔

عامل شاہ زنجانی

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظام اور اولیاء کرام پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں ان کی طرف باادب رخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالُ الْغَيْبِ وَيَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَة اَعِيْنُوْنِیْ بِقُوَّةَ وَ انْظُرُوْ نِیْ بِنَظْرَة يَا رُقَبَاء يَا نُقَبَاء يَا نُجَبَاء يَا اَبْدَال يَا اَوْتَاد يَا قُطْب يَا غَوْث اَعِيْنُوْنِیْ بِحُرْمَة مُحَمَّد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ وَ عَلٰى آلِهٖ وَاَ صْحَابِهٖ اَجْمَعِيْن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کے لئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسولؐ بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کے لئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہلِ قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ خوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کے لئے ہے۔ دوسرے عمل کے لئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری								تیسری							چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

مقابلہ عطارد زحل: اس نحس وقت کی ابتداء 4 مئی 12 بجکر 8 منٹ، مکمل نظر 5 مئی 16 بجکر 11 منٹ اور خاتمہ نظر 5 مئی 20 بجکر 56 منٹ پر ہوگا۔

حاسدین، مخالفین کو نقصان پہنچانے کے لیے اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ کوثر کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں رکھ کر دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۲۲۹	۱۸۳۸	۶۸۷
۱۱۴۰	یہاں مقصد لکھیں	۱۶۰۹
۱۳۸۰	۹۱۶	۴۵۸

قران عطارد مریخ: اس نحس وقت کی ابتداء 7 مئی 12 بجکر 7 منٹ، مکمل نظر 8 مئی 5 بجکر 33 منٹ اور خاتمہ نظر 8 مئی 22 بجکر 48 منٹ پر ہوگا۔

دشمنوں کو ویران، پریشان کرنے کے لیے ساعت مریخ میں سورۃ کوثر کا خالی البطن نقش لکھ کر احاطہ قبور میں دفنائیں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

(نقش پہلے دیا جا چکا ہے)

قران شمس عطارد: اس سعد وقت کی ابتداء 11 مئی 6 بجکر 16 منٹ، مکمل نظر 12 مئی 21 بجکر 58 منٹ اور خاتمہ نظر 12 مئی 21 بجکر 58 منٹ پر ہوگا۔

ذہنی استحکام، ڈپریشن سے نجات، حلقۂ احباب میں وسعت، شفایابی کے لیے اسم اعظم-یاقویُ-کا مثلث نقش لکھیں۔

۱ یاقویُ	۱۴ یاقویُ	۱۱ یاقویُ	۸ یاقویُ
۱۲ یاقویُ	۷ یاقویُ	۲ یاقویُ	۱۳ یاقویُ
۶ یاقویُ	۹ یاقویُ	۱۶ یاقویُ	۳ یاقویُ
۱۵ یاقویُ	۴ یاقویُ	۵ یاقویُ	۱۰ یاقویُ

قران عطارد زہرہ: اس سعد وقت کی ابتداء 23 مئی 19 بجکر 15 منٹ، مکمل نظر 25 مئی 4 بجکر 54 منٹ اور خاتمہ نظر 26 مئی 17 بجکر 45 منٹ پر ہوگا۔ تسخیر الفت و محبت، حصول علم اور انعامی اسکیموں میں طالع آزمائی کے لیے مؤثر وقت اسمائے عظائم کا نقش بنا کر پاس رکھیں۔

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

چال نقش		
۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

نقش یاقویٌ		
یاعزیز	یامصور	یاوُدود
یامصور	یاوُدود	یاعزیز
یاوُدود	یاعزیز	یامصور

۷۸۶		
۴۱۹۹۸	۳۳۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۴
۲۰۹۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۹۳۹۹۰
۲۵۱۹۹۲	۱۶۷۹۹۲	۸۳۹۹۶

قران عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 26 مئی 21 بجکر 53 منٹ، مکمل نظر 27 مئی 12 بجکر 56 منٹ اور خاتمہ نظر 28 مئی 4 بجکر 15 منٹ پر ہوگا۔ حصول علم کشادگی، ذہانت، تسخیر اہل قلم، نئے معاہدوں کے حصول کے لیے بھی کاوش کرنا اور نقش لکھنا نیک ہے۔ ساعت زہرہ میں لکھ کر ایک درخت انار سے باندھیں، دوسرا باپرہیز پاس رکھیں۔ نقش سورۃ یوسف سے فیض مند ہوں۔

قران زہرہ مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء صفر بجکر 27 منٹ، مکمل نظر 29 مئی صفر بجکر 29 منٹ اور خاتمہ نظر 30 مئی صفر بجکر 32 منٹ پر ہوگا۔ تسخیر خلق وحکام، دوستی، محبت، شادی غرض ہر نیک مقصد کے لیے ساعت زہرہ میں سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش کو باپرہیز پاس رکھیں یا کسی پھل دار درخت سے باندھیں۔

(نقش پہلے دیا جا چکا ہے)



1-سورج گرہن:

10 مئی 2013 کو ابتداء 2 بجکر 25 منٹ صبح، اختتام گرہن 10 مئی 2013ء صبح 8 بجکر 17 منٹ پر ہوگا۔

2-چاند گرہن:

25 مئی 2013ء کو ابتداء صبح 8 بجکر 43 منٹ، اختتام گرہن 25 مئی 2013ء صبح 9 بجکر 38 منٹ پر ہوگا۔

شمسی وقمری گرہن کے حوالے سے سیاسی مضامین کے باعث عملیات کے مضامین نفی کیے جارہے ہیں۔

جو شائقین حضرات دورانِ گرہن عملیات کرنا چاہیں۔ وہ ادارہ کی کتاب "**حروفِ صوامت**" سے اعمالِ گرہن دیکھ کر بجا لا سکتے ہیں۔

اس کتاب میں 2001ء تا 2050ء تک تمام چاند و سورج گرہن بھی دیے گئے ہیں۔

از تحریر: حکیم سرفراز احمد زاہد، ملتان

کمالاتِ جفر، اوجِ زہرہ و قرانِ زہرہ و مشتری

زہرہ کے اوقات ایک سال بعد آتے ہیں۔ مارچ 2013ء میں شرفِ زہرہ کا وقت ایک سال بعد آیا تھا۔ اس پر ایک مربوط اور مدلل مضمون تسخیر خلق رجوعات وحبِ منشاء شادی کے لیے لکھا گیا تھا۔ جس سے بہت لوگوں نے فائدہ اُٹھایا۔

اوجِ زہرہ کے اوقات: شرف کے بعد باقوت اور مؤثر مانے جاتے ہیں۔ اوج کا مطلب ہے بلندی یعنی بلند مرتبہ، اس وقت ستارہ کی قوتیں ارفع واسعد ہوتی ہیں۔ اس سال یہ وقت 26 مئی 2013ء رات 11 بجکر ایک منٹ تا 27 مئی شام 18 بجکر 36 منٹ تک رہے گا۔ دن اتوار اور پیر ہوگا۔

یہ رجوعِ خلق اور تسخیر خلق کا ہے۔ مطلب اس کا یہ ہے کہ وہ لوگ جن کو خلقت کی آمد سے مالی فائدہ ہوتا ہے۔ ان کے لیے یہ وقت سودمند ہے۔ مثلاً ڈاکٹر، دکاندار، طبیب، لیڈر، وکلاء، پراپرٹی ڈیلر، کھانے کے ریسٹورنٹ وغیرہ، وہ لوگ جن کا خلق کی آمدنی سے کوئی تعلق نہیں۔ ان کے لیے تسخیر خلق کی ضرورت صرف اس صورت میں ہوتی ہے کہ وہ اپنے حلقہ یا ساتھ کام کرنے والوں، افسران، خاندان یا عوام میں معزز ہونا یا احترام کی نظر سے دیکھے جائیں، سب قدر کریں اور حکم مانیں۔

اس کے علاوہ تسخیر مستورات کے لیے یہ وقت بڑا مؤثر ہے وہ لوگ جو اس وقت کسی عورت یا محبوب کی تسخیر کرنا چاہیں یا کسی معزز اور بڑی خاتون سے کام نکلوانا چاہیں یا حسبِ منشاء شادی کرنا چاہیں یا میاں بیوی میں ناچاقی ہو چکی ہو نوبت طلاق تک پہنچ گئی ہو، شوہر چاہتا ہو یا بیوی چاہتی ہو کہ گھر بس جائے یا بیوی ناراض ہو کر میکے بیٹھی ہو اور ضد، ہٹ دھرمی کی بنا پر گھر برباد ہو رہا ہو تو وہ اس سے فائدہ اُٹھائیں۔

دوستانِ گرامی! 29 مئی 2013ء قرانِ السعدین یعنی زہرہ ومشتری قران واقع ہوگا۔ اس قران کی روحانیت کا تعلق تسخیر اور حُب کے عملیات سے متعلق ہے۔ دو شخصوں کے درمیان خواہ وہ کوئی ہوں واقف ہوں یا ناواقف، دوستی اور محبت پیدا کی جا سکتی ہے۔ زہرہ اور مشتری ہر دو قران میں ہوں گے، افسر ہو، دوست ہو، رشتہ دار ہو یا عزیز۔ عورت ہو یا بیوی اس کی تسخیر جا سکتی ہے۔ اگر وہ کہنے میں نہ ہو، روٹھ گئے ہوں یا ناراض ہوں یا ان کے درمیان نفرت اور دشمنی ہو یا کسی محبوب کو حاصل کرنا مقصود ہو تو اس وقت کو ہر مقصود کو حاصل کرنے کے ذرائع اور وسائل آپ کو مدد دیں گے۔ مذہب اور عقل دونوں کا تسلیم شدہ نظریہ ہے کہ ہر کام کا ایک وقت مقرر ہے۔ اسی کلیہ کے تحت عمل کے لیے بھی ایک وقت متعین ہے، عمل میں سیارگان کو ایک مرکزی حیثیت حاصل ہے جس شخص کو علم سیارگان میں مہارت نہیں وہ عملیات میں مشکل سے کامیاب ہوتا ہے (لیکن زنجانی جنتری میں نظرات کا دیا گیا وقت مکمل مدد دیتا ہے) قران زہرہ مشتری عاملین کے نزدیک ایسا پُر تاثیر وقت ہے جو حُب کے لیے تیر بہدف ہوتا ہے۔ اس میں تسخیر مطلوب و تسخیر مال و دولت کے کام کیے جاتے ہیں۔ یہ وقت اوجِ زہرہ سے زیادہ طاقتور اور پُرتاثیر ہے۔ تمام اوصاف شرفِ زہرہ کے ہیں، یہ قران برج جوزا میں ہو رہا ہے، برج جوزا ذوجسدین ہے۔ قران زہرہ ومشتری کا وقت 28 مئی 2013ء کو رات 0 بجکر کر 27 منٹ پر شروع ہوگا اور 30 مئی 2013ء کو رات 12 بجکر 32 منٹ پر ختم ہوگا۔ اس دوران ہمیں کام کے لیے زہرہ کی دو ساعتیں اور مشتری کی تین ساعتیں ملیں گی۔ زہرہ کی پہلی

ساعت منگل کے دن صبح 7 بجکر 31 منٹ تا 8 بجکر 40 منٹ تک ہو گی۔ مشتری کی ساعت دو پہر 12 بجکر 11 منٹ پر شروع ہو گی اور 13 بجکر 20 منٹ پر ختم ہو گی۔ اسی دن مشتری کی پہلی ساعت صبح 8 بجکر 41 منٹ پر شروع ہو گی اور 9 بجکر 50 منٹ پر ختم ہو گی۔ دوسری ساعت مشتری شام 16 بجکر 50 منٹ تا 18 بجکر 1 منٹ تک رہے گی۔ ساعتیں تو اور بھی ہوں گی لیکن کام کی صرف یہی ہوں گی۔ اوپر فوائد تو آ چکے ہیں لیکن عشق و محبت تسخیر خلق کے علاوہ تسخیر آمدن و مال و دولت سے بھی اس کا تعلق ہے چنانچہ وہ لوگ بھی اس وقت سے اور دیے گئے عمل سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جن کو بانڈز یا معمہ بازی سے کبھی فائدہ پہنچا ہو، آج کل بانڈز نمبروں کی بھرمار ہے، معمہ بازی کا شغل ناپید ہو گیا ہے۔ اس میں دماغی محنت، ذہنی صلاحیت، کثرت مطالعہ اور فقرات میں مناسب الفاظ کا استعمال ہوتا تھا۔ اس محنت سے لوگ دور بھاگتے ہیں، صرف روزنامہ جنگ سنڈے میگزین میں جنگ پزل کے نام سے یہ سلسلہ جاری و ساری ہے۔ آج بھی لوگ ہیں جو محنت اور علم کو معراج سمجھتے ہیں۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ جو لوگ زائد آمدن کے لیے انعامی اسکیموں میں حصہ لیتے ہیں۔ مگر قسمت نہیں کھلتی، لہٰذا اس دفعہ دونوں عمل دوں گا، آپ ان سے فائدہ اٹھائیں، پہلے تسخیر و حاضری مطلوب کا عمل دوں گا۔

عمل حاضری مطلوب

اس کا طریقہ یہ ہے۔ یاد رہے یہ عمل حضرت کاش البرنی مرحوم کا ہے۔ جس میں قرآن پاک کی سورۃ آلِ عمران کی آیت نمبر 4 استعمال کی گئی ہے۔ کتاب کے مطابق یہ عمل باقاعدہ مفتاح مغلاق کے طریقہ پر مؤکلات تیار کیے جاتے ہیں، یہ بہت مشکل طریقہ ہے۔ اگر درست طریقے پر تیار ہو جائے تو غوری میزائل کی طرح کام کرتا ہے۔ میں نے زندگی میں 1999 میں اپنے محترم صاحب علم الاشراق علامہ حضرت سید ابوالحسن موسوی مشہدی مدظلہ کے لیے تیار کیا تھا۔ صرف ایک دفعہ اس کے جو اثرات تھے، اس کے گواہ حضرت علامہ موصوف ہیں اور مجھے اس کے بدلہ میں عمرہ کی سعادت نصیب ہوئی تھی۔ اس کے بعد دوبارہ اسے اس اصل طریق پر تیار کرنے کی ضرورت ہی نہ پڑی۔

لیکن اس عمل میں تھوڑی تبدیلی کر کے بارہا آزمایا ہے اور وہی اپنا طریقہ افادہ عام کے لیے پیش کر رہا ہوں۔ یاد رہے یہ طریقہ عمل سید شعیب الرحمٰن کاکا خیل کا پسندیدہ ہے۔ اُن کے جو بھی جفری آئینہ قسمت میں یا دوسرے رسائل میں شائع ہوتے ہیں، اسی نقش کی چال کو استعمال کرتے ہیں۔ چاہے وہ کوئی بھی عمل ہو شاہ صاحب سے معذرت کے ساتھ۔ اس عمل کی مقبولیت اور وسعت اور پُر تاثیری حیران کن ہے۔ غور سے سمجھیں:

(1) مطلوب کے نام کے اعداد معہ والدہ کو خانہ نمبر اول میں رکھ کر 22 کے اضافہ سے خانہ نمبر 4 تک پہلا دور مکمل کرو۔

(2) طالب معہ والدہ کے اعداد خانہ نمبر 5 میں رکھیں اور 22 کے اضافہ سے خانہ نمبر 8 تک دوسرا دور مکمل کریں۔

(3) خانہ نمبر 9 میں محبت کے اعداد 450 رکھیں اور 22 کے اضافہ سے خانہ نمبر 12 تک تیسرا دور مکمل کریں۔

(4) اب خانہ 4۔ 7۔ 10 کے اعداد کو جمع کر کے 3616 سے تفریق کریں اور حاصلہ عدد کو خانہ 13 میں رکھیں اور 22 کے اضافہ سے خانہ 16 تک چوتھا دور مکمل کریں۔

اب اس نقش کی پڑتال کریں، ہر طرف سے وفق 3616 آنا چاہیے۔ اگر میزان مطلوبہ آئے تو نقش درست ورنہ تصحیح کریں۔ ایک نقش تو کاغذ پر ہو گا اور ایک چاندی کی لوح پر تیار کریں۔ اس کے نیچے عزیمت لکھیں۔

اجمع بلینی (نام طالب معہ والدہ و بین (نام مطلوب معہ والدہ) یا جامع المنفردین والقیت علیك محبة منّی و لتصنع علی عینی یحبونهم کحب الله والذین امنو اشد حبا الله العجل الساعة الوحا۔

کاغذ اور لوح کی دوسری طرف بدوح کا نقش عددی آتشی چال سے لکھیں، کاغذ والا گلے میں یا بازو پر باندھ لیں اور لوح کو گرم کریں، اب گرم کرنے کا طریق مختلف ہے، مقصد ہے حرارت لگاتار و مسلسل پہنچتی رہے، انشاء اللہ مطلوب حاضر ہو گا۔

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

۷۸۶
جبرائیل

۱۶۲۴ [۱۳]	۴۷۲ [۱۰]	۱۱۷۸ [۷]	۳۴۲ [۴]
۳۲۰ [۳]	۱۲۰۰ [۸]	۴۵۰ [۹]	۱۶۴۶ [۱۴]
۵۱۶ [۱۲]	۱۶۶۸ [۱۵]	۲۹۸ [۲]	۱۱۳۴ [۵]
۱۱۵۶ [۶]	۲۷۶ [۱]	۱۶۹۰ [۱۶]	۴۹۴ [۱۱]

حمعسق — عزرائیل
کھیعص — اسرافیل

نام کے اعداد 967 ہیں، ان کو اسم الٰہی غنی کے 1060 میں سے تفریق کیا، باقی 93 بچے، اس میں 18 عدد قانون کے تفریق کیے، باقی 75 بچے، 3، پہ تقسیم کیا تو 25 کا عدد آیا۔

اب نقش مربع آتشی چال میں اعداد پڑ ہوں گے۔ وہ اس طرح کہ خانہ اول میں نام آئے گا اور خانہ نمبر 4 تک ایک عدد کے اضافہ سے پُر کریں۔ اب خانہ نمبر 5 میں وہ عدد لکھیں جو 3 پہ تقسیم کرنے سے حاصل ہوا تھا۔ پھر بالترتیب یہاں سے نقش پُر کریں، اس نقش کو چیک کریں کہ ہر طرف سے میزان اسم غنی کے اعداد کا میزان ہو گا تو نقش درست ہو گا۔ اگر میزان پورا نہ آئے تو اعداد میں تبدیلی کریں، یہ بہت ٹیکنیکل کام ہے اور حساب میں صاحب علم کا بڑا طاق ہونا چاہیے۔ اس نقش کو لپیٹ کر چاندی کے تعویذ میں بند کرا لیں اور گلے میں یا بازو پہ لٹکائیں۔ پھر ہر روز ایک نشست میں یَا غَنِیُّ کو تین ہزار بار پڑھا کریں یا کھلا چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے ورد کیا کریں۔ انشاء اللہ بہتر مواقع ملیں گے اور ایک سال میں غنی ہو جائیں گے۔

۷۸۶
جبرائیل

۲۸	۳۱	۳۴	نام معہ والدہ ۹۶۷
۳۳	۹۶۸	۲۷	۳۲
۹۶۹	۳۶	۲۹	۲۶
۳۰	۲۵	۹۷۰	۳۵

حمعسق — عزرائیل
کھیعص — اسرافیل

الٰہی اس رزق کی برکت سے غنی کر دے

نوٹ: ہر طرف سے میزان پورا ہے۔

حاضری مال

جس طرح حاضری مطلوب کا عمل تیار کیا جاتا ہے۔ اگر ادراک ہو تو ہر عمل کو تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ صرف آیات اسماء الٰہیہ کو مقصد کے مطابق ڈھالا جا سکتا ہے۔ عین اسی طرح جس طرح کسی جاندار ہستی کو طلب کیا جا سکتا ہے، مال کو بھی طلب کیا جا سکتا ہے۔ اس عمل کو تیار کر کے اسباب اختیار کریں تا کہ انعامی اسکیموں سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔ لاٹری، بانڈ، معمہ، شیئرز اور اسی قبیل کے اسباب سے آمدن آئے گی۔ اس کا طریقہ یہ ہے اسم غنی آیات رزق سے یہ عمل تیار ہو گا۔ بہت آسان عمل ہے، بس تھوڑی سی عقل کی ضرورت ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ خیال یہ رکھا جاتا ہے کہ جو بھی اسم الٰہی یا آیت استعمال کی جائے سائل کے اعداد زائد ہیں۔ مثلاً میرے

کراماتِ جفر

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی، جھنگ

اوجِ زہرہ و حصولِ انعام کے خاص عملیات

اس سال ماہ مئی 2013ء میں اوجِ زہرہ کا مبارک وقت آرہا ہے۔ اس سعد وقت میں آپ رجوعِ خلق اور تسخیرِ خلق کے اعمال تیار کر سکتے ہیں اور اس کے علاوہ تسخیرِ محبوب، تسخیرِ زن، کاروبار میں ترقی، آمدن، عزت و شہرت میں اضافہ، حلقہ احباب میں وسعت اور ہر طرح کی نسوانی امراض سے شفاء کے لیے الواح تیار کی جاتی ہیں۔

میں اس دفعہ میں اپنا خاص لوح اوجِ زہرہ تحریر کر رہا ہوں۔ جو آپ پورے لوازمات کے ساتھ اوجِ زہرہ میں تیار کر سکتے ہیں۔ قارئین! اس کے اثرات بہت جلد شروع ہو جاتے ہیں اور یہ مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے تیار کر سکتے ہیں اور یہ تسخیرِ خلائق و رجوعِ خلائق کے لیے زود اثر ثابت ہوتی ہے۔

اگر خلقت میں آپ معزز ہونا چاہیں یا شہرت چاہتے ہیں۔ اگر عورتوں کے طبقے میں مقبولیت نہیں، اگر اپنی قوم یا برادری میں کوئی درجہ حاصل نہ ہوتا ہو، اگر خاندان میں کوئی عزت نہیں کرتا، اگر دفتر میں ساتھ کام کرنے والوں اور افسران میں کوئی وقعت نہیں دی جاتی ہے تو اس لوح اوجِ زہرہ برائے تسخیرِ خلائق سے استفادہ حاصل کریں اور تیار کرنے کے بعد یہ اسماء مبارکہ 313 مرتبہ اول و آخر 110_110 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر لوح مبارکہ پر دم کر دیں اور نمازِ فجر کے بعد روزانہ مقررہ تعداد پڑھتے رہیں اور حیران کن تاثیر ملاحظہ فرمائیں۔ لیکن تیاری پورے لوازمات کے ساتھ ہونی چاہیے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا عزیز یا مطیع

یا میکائیل — یا جبرائیل — حمعسق — کھیعص

٩ ۲۴۰	٦ ۲۳۷	٣ ۲۳۴	١٦ ۲۴۷
۴ ۲۳۵	۱۵ ۲۴۶	۱۰ ۲۴۱	۵ ۲۳۶
۱۴ ۲۴۵	۱ ۲۳۲	۸ ۲۳۹	۱۱ ۲۴۲
۷ ۲۳۸	۱۲ ۲۴۳	۱۳ ۲۴۴	۲ ۲۳۳

یا عزیز یا مطیع

وکفٰی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

لوح کی پشت پر یہ طلسم تحریر کریں

یا حفطیائیل یا حنظائیل
یا موکیائیل یا رفتمائیل
طلسوت
۶۶۶۵۳۹۱۱۲۹
۲۲۱۱۴۹ س
(نام بمعہ والدہ تحریر کریں)

تسخیر محبوب کا خاص عمل

اس دفعہ ایک خاص عمل حاضری مطلوب کا لکھ رہا ہوں۔ اس عمل سے مخالفین کو دوست بنایا جا سکتا ہے۔ دو ناراض دلوں کی کدورت دور کی جا سکتی ہے۔ سرکشوں اور حاکم کو تسخیر کیا جا سکتا ہے۔ غرض مطلوب کوئی بھی ہو اُسے اپنی محبت میں بے قرار کیا جا سکتا ہے، یہ عمل کسی کتاب سے نہ ملے گا۔ طریقہ یہ ہے کہ اوج زہرہ میں پورے لوازمات کے ساتھ گیارہ عدد خوشبو دار اگربتیاں جلائیں تاکہ کمرہ میں خوشبو سے معطر ہو جائے۔ پھر رجال الغیب پشت پر کر کے بیٹھ جائیں۔ پھر سفید کاغذ پر زعفران و عرقِ گلاب سے مندرجہ ذیل لوح تسخیر خاص دو عدد تحریر کریں اور عبارتِ عمل پانچ سو مرتبہ اول و آخر 11-11 بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور الواح پر دم کر دیں۔ اسی طرح گیارہ دنوں تک ورد کر کے دم کرتے رہیں۔ پھر حضرت داتا گنج بخشؒ کی مٹھائی پر نیاز دلائیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں۔ ایک لوح تسخیر خاص طالب اپنے پاس چاندی میں بند کر کے رکھے اور دوسری لوح مبارکہ لوہے میں بند کروا کر قبرستان میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ سات، گیارہ یا اکیس دنوں میں مقصد حل ہو جاتا ہے۔ اسے آپ نوچندی جمعہ میں بھی کر سکتے ہیں۔

اقسمت علیکم اجب یا فتمائیل بحرمۃ والقیت علیک محبۃ منی ولتصنع علی عینی و بحرمۃ یا جبرائیل و یامیکائیلُ و یا اسرافیل و یا عزرائیل فلاں بن فلاں بن فلاں بن فلاں کے واسطے بے قرار کر کے حاضر کرو و بحق یا ودود و یا بدوح العجل الساعۃ الوحا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

بدوح ۵۱۲۹	بدوح ۵۱۳۲	بدوح ۵۱۳۵	بدوح ۵۱۲۲
بدوح ۵۱۳۴	بدوح ۵۱۲۳	بدوح ۵۱۲۸	بدوح ۵۱۳۳
بدوح ۵۱۲۴	بدوح ۵۱۳۷	بدوح ۵۱۳۰	بدوح ۵۱۲۷
بدوح ۵۱۳۱	بدوح ۵۱۲۶	بدوح ۵۱۲۵	بدوح ۵۱۳۶

اسرافیل — عزرائیل

میکائیل

وکفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ

(یہاں عبارت عمل تحریر کریں)


حصولِ انعام کا خاص عمل

قارئین آئینہ قسمت اس مرتبہ صدری عمل برائے انعامی اسکیموں کا لے کر حاضر ہوں۔ اگر ابھی تک آپ نے کسی بھی انعامی اسکیم مثلاً پرائز بانڈز کے فسٹ نمبر، افریقہ کی نیشنل لاٹری، انگلینڈ کی نیشنل لاٹری، انڈیا کی لاٹری، انعامی بانڈ، دبئی کی لاٹریاں، سعودی عرب کی لاٹری اور ٹی وی پر ہونے والی لاٹریوں اور روزمرہ ہونے والی ملکی و غیر ملکی انعامی اسکیموں میں کامیابی نہ ملی ہو اور درست نمبر نہ ملتا ہو اور ہزاروں روپے برباد ہو چکے ہوں۔ لیکن کامیابی کسی بھی طریقے سے نہ ملتی ہو اور مالی پریشانی بڑھتی جا رہی ہو تو مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس عمل کی برکت سے آپ کو پکّٹ نمبر ملیں گے، جن میں انشاء اللہ فسٹ، سیکنڈ کا انعام یافتہ نمبر موجود ہوگا۔ طریقہ یہ ہے کہ کسی بھی جمعرات کو ساعت مشتری کی سعد ساعت میں علیحدہ کمرہ میں داخل ہو جائیں اور کمرہ میں خوشبو دار اگربتیاں سلگائیں اور رجال الغیب پشت پر رکھ کر بیٹھ جائیں اور سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے مندرجہ ذیل نقش مبارکہ لکھیں اور 350 روپے کی مٹھائی جو کہ عمل سے پہلے لے کر رکھی ہو۔ اس پر مؤکلات نقش کی نیاز دلوائیں اور بچوں میں تقسیم کر دیں۔ اسی طرح سات روز کرنا ہے، پھر رات کو سونے سے پہلے نقش مبارک اپنی جیب میں رکھ لیں اور عبارتِ عمل

رحمکاریہ جفر اوجِ زہرہ

از تحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد

اس سال اوجِ زہرہ بحساب یونانی 26 مئی رات 11 بجکر 01 منٹ سے 27 مئی شام 6 بجکر 36 منٹ تک رہے گی۔ اوجِ زہرہ بحساب ہندی نجوم 15 جون 2013ء دوپہر 3 بجکر 5 منٹ سے 16 جون صبح 10 بجکر 44 منٹ تک رہے گی۔ اوجِ زہرہ میں اکثر عاملین جفر ایسے عملیات تیار کرتے ہیں۔ خواتین و حضرات کی بیماری لیکوریا کے امراض اور وہ خواتین و حضرات جن کی چھاتی میں تکلیف ہو، چہرہ خراب ہو چکا ہو یا جن کی خوبصورتی گم ہو گئی ہو، ہڈیوں میں درد ہو، شوگر کا مرض ہو، بلڈ پریشر لو یا ہائی رہتا ہو تو اُن کے لیے پُرتاثیر ہے۔ یہ نقش خالص گولڈن کاغذ پر تیار کر کے پاس رکھیں۔ جب یہ لوح تیار ہو جائے تو روزانہ 11 مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھا کریں۔ اس کا ثواب پنجتن پاک علیہ السلام کو بخشیں، اللہ پاک بہتری کے اسباب پیدا فرمائے گا۔ اکثر لوگ کہتے ہیں کہ عمل کا اثر نہیں ہوتا، اس کے لیے عامل ہونا بھی ضروری ہے۔ اکثر لوگ سوار سرپٹ، جھوٹ، گالی گلوچ کرتے ہیں، نماز نہیں پڑھتے تو اس کا اثر کیسے ہوگا۔ خود نہ بنا سکیں تو کسی امام مسجد سے لکھوائیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعا کریں۔ جن لوگوں کو خدا پاک کے کلام پر بھروسہ نہ ہو وہ نہ بنائیں۔





اظہارِ تعزیت: چیئرمین سنی اتحاد کونسل، ممتاز مذہبی سکالر اور عاشقِ رسولؐ صاحبزادہ فضل کریم رخصت ہو گئے۔ صاحبزادہ فضل کریم شاہ زنجانی کے قریبی دوستوں میں سے ایک تھے۔ تصوف میں گہری دلچسپی رکھتے تھے جس کی بدولت شاہ زنجانی سے ایک روحانی وابستگی بھی تھی۔ صاحبزادہ فضل کریم باکمال سیاستدان اور وسیع معلومات رکھنے والے عالم دین تھے۔ شاہ زنجانی اور ادارہ آئینہ قسمت اُن کے اہل خانہ کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ تمام دوستوں اور آئینہ قسمت کے قارئین سے التماس ہے کہ اُن کی مغفرت کیلئے ایک دفعہ سورۃ فاتحہ اور تین دفعہ سورۃ اخلاص اول و آخر درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ اللہ مرحوم کے درجات بلند کرے اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور اُن کے لواحقین کو صبرِ جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین



شرفِ مشتری رحمکاریہ جفر

یکم تا 7 ستمبر 2013ء کو مشتری شرفی درجات سے گزرے گا۔ مشتری کا شرفی درجات سے گزرنا ایک عمل یقینی ہوتا ہے، شرفِ مشتری میں اکثر عاملین جفر عملیات کی زکات نکالتے ہیں، میرا خود معمول رہا ہے۔ ہر 12 سال بعد شرفِ مشتری کے دوران زکات نکالتا ہوں۔ اس مرتبہ آئینہ قسمت کے لیے دعوت حروفِ نورانی کے ساتھ حاضر ہوں۔ دعوتِ حروف نورانی بہت پُر تاثیر ہوتی ہے، میں نے زندگی میں جتنی تاثیر حروفِ نورانی میں دیکھی ہے، وہ کسی اور عمل میں نہیں دیکھی۔ دعوت مقطعات نورانی جب مشتری شرفی درجات پر آجائے تو دعوتِ مقطعات نورانی زعفران، لوبان اور صندل جلا کر یہ دعوت شروع کریں۔ کل حروف روزانہ 14000 مرتبہ لکھنا ہے، اسی طریقہ سے 14000 مرتبہ حروف مکمل کر کے پھر اس کاپی کو مٹی کے برتن میں بند کر کے دریا کے کنارے دفن کریں۔ یہ بہت پُر تاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے، یہ عمل میرے پاس دستیاب ہے، کہیں دستیاب نہ ہوگا۔ میری کتاب رحمکاریہ جفر حصہ دوم میں اس کا تذکرہ ہے۔ اس زکات کے لیے پہلے ایسا عامل تلاش کریں، جو حروفِ نورانی کا عامل ہو، اس سے اجازت طلب کریں اور پھر یہ حروفِ نورانی پابندی سے لکھیں۔

حروفِ نورانی جو یہ ہیں:

الر ۔ کھیعص ۔ طس ۔ حم ۔ ق ۔ ن

یہ حروف 14000 مرتبہ لکھیں اور 14000 مرتبہ پڑھیں۔ اس کا ثواب پنجتن پاک علیہ السلام کو بخشیں۔ آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک سب کو عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مشتری چلتے چلتے جب 15 درجے سرطان پر آتا ہے تو اس کو شرف حاصل ہوتا ہے۔ شرفِ مشتری میں اکثر عاملین جفر ترقی کے عملیات کرتے ہیں۔ آج کی محفل میں آئینہ قسمت کے لیے حصولِ دولت کا ایک عمل لے کر حاضر ہوں۔ عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

وَلَقَدْ مَكَّنَّٰكُمْ فِى ٱلْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَٰيِشَ۔

اعداد قمری:	2199
مقصد دولت اسم اعظم:	یاغنی
اعداد:	1060
طالب شعیب الرحمٰن اعداد:	712
کل اعداد:	3971
تفریق:	120
باقی:	3851
تقسیم:	4
باقی:	3

تو خانہ نمبر 5 میں 1 کا اضافہ کیا تو حاصل تقسیم: 962

962 کو خانہ نمبر 1 سے نمبر 16 تک ہر خانہ میں چار چار کا اضافہ کریں۔ اب نقش کے کل اعداد کے حروف پیدا کریں۔ جو کہ یہ ہیں:

ا ع ظ غ غ غ کے آگے کلمہ ائیل لگا دیں۔ یہ موکل بن جائے گا۔

اعظغغغائیل دستِ غیب سے مال و دولت لاؤ۔

آخر میں مجھ گنہگار سید شعیب الرحمٰن شاہ اور عامل شاہ زنجانی کے حق میں دعائے خیر کریں۔ اللہ پاک مزید برکات عطا فرمائیں۔ آمین

ایک طرف لوح بنائیں اور دوسری طرف طلسماتِ افلاطونی بنائیں۔ میں نے اپنی طرف سے مکمل تفصیل لکھ دی ہے، پھر بھی کسی کو سمجھ نہ آئے تو میں حاضر خدمت ہوں۔

نقش کی چال


۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

۷۸۶

جبرائیل صرفیائیل

۹۹۱	۱۰۰۳	۱۰۱۵	۹۶۲
۱۰۱۱	۹۶۶	۹۸۷	۱۰۰۷
۹۷۰	۱۰۲۳	۹۹۵	۹۸۳
۹۹۹	۹۷۹	۹۷۴	۱۰۱۹

میکائیل صرفیائیل السیّد شمہورش
وکفٰی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ



بقیہ: کراماتِ جفر (اوجِ زہرہ)

313 مرتبہ پڑھ کر سو جائیں۔ اول و آخر 110۔ 110 مرتبہ درود شریف پڑھنا ہے۔ تین تا پانچ روز میں آپ کو انشاء اللہ پیکٹ نمبرز صاف شیشہ کی طرح نظر آئیں گے اور صبح ہونے تک یہ نمبر آپ کے ذہن میں رہیں گے۔ پس عامل کو چاہیے کہ جو نمبر آپ کو خواب میں ملیں یہی وہ خرید کر رکھ لیں اور یہ نمبر کسی اور کو نہ بتائیں، ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔ یہ عمل زندگی میں صرف ایک بار کام دے گا، دورانِ عمل بدبودار اشیاء ہرگز استعمال نہ کریں اور پورے لوازمات کے ساتھ تیار کرنا ہے۔ لاجواب و قابل قدر تحفہ ہے اور فیض اٹھانے والوں کو چاہیے کہ مجھ عاجز کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ عبارتِ عمل یہ ہے:

اجب یا دردائیل بحق یا دائم اللطف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴
یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴
یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴
یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴	یاخبیر ۳۶۲۴

میکائیل

وکفٰی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ


(یہاں عبارتِ عمل تحریر کریں)

شطغیائیل والقیت علیک محبۃ منی ولتصنع علیٰ عینی
عزرائیل اسرافیل کھیعص حمعسق
یاودود یاودود یاودود

تعزیت

شجاعت علی قریشی سابق S.D.O پی ٹی سی ایل کی خوشدامن بادشاہ بیگم زوجہ قاضی منیر حسین والدہ کرنل (ر) سجاد منیر کیم ربیع الاول قضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہیں۔ تمام دوستوں اور آئینہ قسمت کے قارئین سے التماس ہے کہ اُن کی مغفرت کے لیے دعا کریں۔ اللہ مرحومہ کے درجات بلند کرے اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور اُن کے لواحقین کو صبرِ جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

تعزیت کیلئے رابطہ: 0300-4424411
0321-6006446



از تحریر: علامہ مفتی طالب حسین کرمانی، چک مغل

نقوش وسعتِ رزق مجرب صداری

قارئین کرام! یہ نقوش وسعت رزق کے لیے میرے مشاہدہ میں ہیں نہ ان کی کوئی زکوٰۃ ہے نہ ہی چلہ پس ان کو باوضو کامل لکھ کر استعمال کریں، انشاء اللہ آپ کا رزق کشادہ ہوگا۔ بعض دفعہ انسان کوئی ایسا کام کرتا ہے جس کی وجہ سے انسان کا رزق تنگ ہو جاتا ہے تو آپ اللہ تعالیٰ کے حضور میں توبہ استغفار کریں، پھر یہ نقوش لکھ کر استعمال کریں۔ میرے حق میں دعائے خیر کریں، میری طرف سے تمام کو یہ تعویذ لکھنے کی اجازت ہے۔

میرے مشاہدے میں یہ بات بھی آئی ہے کہ میں نماز فجر پڑھا کر اسی جگہ محراب میں بیٹھ کر جو تعویذ نیک لکھتا ہوں، ان کا اثر فوراً اور زیادہ ہوتا ہے۔ جو وہی تعویذ میں اس سے ہٹ کر لکھتا ہوں تو ان کا اثر کم اور کچھ دیر سے ہوتا ہے۔

(1) باوضو کامل اس نقش کو سفید قرطاس پر سیاہی سے لکھ کر دکان میں آویزاں کریں، انشاء اللہ دکان میں گاہک بھی زیادہ آئیں گے اور رزق میں کشادگی ہوگی اور برکت بھی ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ولا تمدن عینیک الی ما متعنا به ازواجا منهم زهرة الحیوة الدنیا لنفتنهم فیه ورزق

ولقد	کرمنا	بنی آدم	وحملنهم	فی البر	والبحر	ورزقنهم
کرمنا	بنی آدم	وحملنهم	فی البر	والبحر	ورزقنهم	من الطیبٰت
بنی آدم	وحملنهم	فی البر	والبحر	ورزقنهم	من الطیبٰت	وفضلنهم
وحملنهم	فی البر	والبحر	ورزقنهم	من الطیبٰت	وفضلنهم	علی کثیر
فی البر	والبحر	ورزقنهم	من الطیبٰت	وفضلنهم	علی کثیر	ممن
والبحر	ورزقنهم	من الطیبٰت	وفضلنهم	علی کثیر	ممن	خلقنا
ورزقنهم	من الطیبٰت	وفضلنهم	علی کثیر	ممن	خلقنا	تفضیلا

(2) باوضو کامل اس نقش کو سفید کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر گھر میں کسی کمرے کی اندرونی دیوار پر آویزاں کریں یا جہاں آپ پیسے روپے رکھتے ہوں، وہاں رکھ دیں۔ انشاء اللہ رزق میں کشادگی اور برکت ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ام عندهم خزائن رحمة ربك العزیز الوهاب. ام لهم ملك السموات والارض وما بینهما فلیرتقوا فی الاسباب

اللهم	ربنا	انزل	علینا	مائدة	من السماء	تکون لنا	عیدا	لاولنا
ربنا	انزل	علینا	مائدة	من السماء	تکون لنا	عیدا	لاولنا	واخرنا
انزل	علینا	مائدة	من السماء	تکون لنا	عیدا	لاولنا	واخرنا	وآیة
علینا	مائدة	من السماء	تکون لنا	عیدا	لاولنا	واخرنا	وآیة	منك
مائدة	من السماء	تکون لنا	عیدا	لاولنا	واخرنا	وآیة	منك	وارزقنا
من السماء	تکون لنا	عیدا	لاولنا	واخرنا	وآیة	منك	وارزقنا	وانت
تکون لنا	عیدا	لاولنا	واخرنا	وآیة	منك	وارزقنا	وانت	خیر
عیدا	لاولنا	واخرنا	وآیة	منك	وارزقنا	وانت	خیر	الرازقین

(3) اس نقش کو باوضو کامل سفید قرطاس پر سیاہی سے لکھ کر دفتر میں کسی اندرونی دیوار میں فریم کر کے لگادیں۔ انشاء اللہ دفتر کا کاروبار عروج و ترقی پر ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل ان ربی یبسط الرزق لمن یشاء من عبادہ ویقدر

عائلا	ووجدك	فاغنی
فاغنی	عائلا	ووجدك
ووجدك	فاغنی	عائلا

یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم

(4) اس نقش کو باوضو سفید قرطاس پر سیاہی سے لکھ کر کسی کورے سکورے میں بند کر کے کسی پاک کپڑے میں باندھ کر جہاں آپ کی کاشت ہو، وہاں کسی درخت پر باندھ دیں، انشاء اللہ زراعت بہت ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یاکافی المواسع لما خلق له من عطا یا فضله سبحان الله

لهم	مغفرة	ورزق	كريم
كريم	ورزق	مغفرة	لهم
مغفرة	لهم	كريم	ورزق
ورزق	كريم	لهم	مغفرة

والحمد لله رب العالمين

وبحمده سبحان الله العظيم وبحمده استغفر الله

(5) اس نقش کو باوضو کامل قرطاس پر سیاہی سے لکھ کر فریم کر کے ڈرائیور والی جگہ کے اوپر لٹکائیں، انشاء اللہ سواریاں زیادہ آئیں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان ربك يبسط الرزق لمن يشاء ويقدر انه كان بعباده

ان الله	هو الرزاق	ذو القوة	المتين
المتين	ذو القوة	هو الرزاق	ان الله
هو الرزاق	ان الله	المتين	ذو القوة
ذو القوة	المتين	ان الله	هو الرزاق

(6) اس تعویذ کو باوضو کامل قرطاس پر سیاہی سے لکھ کر فریم کر کے اینٹوں والے بھٹہ کے ساتھ جو کمرہ ہوتا ہے، اس میں لٹکا دیں۔ انشاء اللہ خرید وفروخت عام ہوگی اور برکت ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هو الذی یریکم ایته وینزل لکم من السماء رزقا وما

قد	احسن الله	له	رزقا
رزقا	له	احسن الله	قد
احسن الله	قد	رزقا	له
له	رزقا	قد	احسن الله

(7) اس تعویذ کو باوضو کامل سفید قرطاس پر سیاہی سے لکھ کر موم جامہ کر کے جیب میں رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دولت سے آپ کی جیب ہمیشہ بھری رہے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ومن یتق الله یجعل له مخرجا ویرزقه من حیث لا یحتسب

رزقكم	وفي السماء	وما توعدون
وما توعدون	رزقكم	وفي السماء
وفي السماء	وما توعدون	رزقكم

ومن یتوکل علی الله فهو

(8) اس تعویذ کو باوضو کامل سفید قرطاس پر سیاہی سے لکھ کر پھل دار درخت پر باندھیں۔ انشاء اللہ اس درخت کو پھل بہت لگیں گے۔

اعجاز الجفر
نقش حاجت روا

از تحریر: ملیحہ زیدی، ملتان

قارئین! مقبول آئینہ قسمت اعجاز الجفر کے عنوان سے ایک خاص عمل کے ساتھ حاضر خدمت ہوں۔ جہاں تک میں نے دیکھا ہے یا جتنا میرا مشاہدہ ہوا ہے۔ زیادہ تر لوگ عملیات کا ناجائز استعمال کرتے ہیں کسی کے کاروبار یا گھریلو کامیابیوں سے حسد ہو گیا تو بندش کر دی۔ نہ تو ایسے لوگوں کو عملیات کی الف بے کا پتہ ہوتا ہے، نہ نقش اور اعداد کا نہ وقت کی اہمیت کا، بس جو بھی کوئی مضمون کا عمل دیکھا بغیر قیود پر غور کیے، بغیر سوچے سمجھے عمل تیار کرنے بیٹھ گئے۔ وقت الگ برباد اور ناکامی الگ، ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ عملیات اور وظائف کا یہ کام نہیں ہوتا کہ ان سے ناجائز یا خلاف قانون قدرت کام لیے جائیں۔ اگرچہ بعض لوگوں نے ایسی حکایات بھی کتابوں میں تحریر کی ہیں جن کو پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ خلاف قانون قدرت کام بھی کیا گیا ہے۔ اگر ان کو درست بھی مان لیں تو یہ ان کا یا اولیاء اللہ کا روحانی تصرف ہوتا ہے، جو ان کے ساتھ ہی مخصوص تھا۔ ہر کس و ناکس میں یہ طاقت نہیں ہوتی کیونکہ یہ اس کا استحقاق نہیں، اگر کوئی یہ کہے کہ ملک یا صدر بننے کے لیے کوئی ترقی کا عمل پڑھے تو ایسا ممکن نہیں۔ اگر آپ کا حق ہے کہ آپ کی ترقی ہو اور وہ حق دشمنوں نے چھین لیا ہو یا گردش سیارگان کی وجہ سے ملازمت یا ترقی نہیں ہوتی تو ایسی حالت میں عملیات کام دیتے ہیں۔ غرض جس کام کو قاعدے قانون کے تحت ہونا چاہیے مگر نہیں ہوتا، اس کے لیے روحانی امداد لینا مناسب ہے۔ حرام و ناجائز کام میں عملیات کام دیتے ہیں نہ وظائف۔ اس مضمون میں اسم اعظم استخراج کرنے اور لوح بنانے کا طریقہ بتا رہی ہوں، انشاء اللہ اس کی برکت سے اور معصومین کی نظر کرم سے تمام مشکلات حل ہوں گی، مقدمہ میں فتح، دشمن دوست ہو جائیں، حاکم مہربان، دولت میں اضافہ، امتحان میں کامیابی، افسران عزت کریں، ترقی بحال، شادی ہو جائے، بیرونِ ملک سفر کے اسباب پیدا ہوں، روزگار کشادہ، قرضہ کی ادائیگی اور وصولی، عورت گلے میں ڈالے اولاد کی نعمت حاصل ہو، اگر بچہ یا حاملہ کے گلے میں ڈالیں تو وہ سایہ دیو جن پری بھوت و نظر بد جادو و سحر سے محفوظ رہے۔

اسم اعظم استخراج کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں۔ الٰہی اعداد کے مطابق اللہ تعالیٰ کے نام تلاش کریں۔ مثلاً وقار احمد کے اعداد 360 ہیں، اب اسم الٰہی سے تلاش کریں گے۔ "یا رفیع" اس کا اسم اعظم ہے، جو وہ روزانہ 360 بار پڑھے گا۔ اس طرح ہر شخص اپنے نام کا اسم اعظم تلاش کر سکتا ہے۔ درج ذیل نقش اسماء الٰہیہ کے اعداد پر مشتمل ہے زعفران اور عرقِ گلاب سے جمعرات، اتوار کو پُر کریں اور خوشبو لگا کر پاس رکھیں۔ جو اسم اعظم نکلا ہے وہ پڑھیں، نماز کی پابندی کریں۔ انشاء اللہ امیر المؤمنین علی علیہ السلام کے نظر کرم سے چند روز میں مشکلات دور ہو جائیں گی۔

۷۸۶

جبرائیل

۲۸۱۸۸۳۰	۲۲۵۵۰۶۴۰	۸۴۵۶۴۹۰
۱۴۵۹۴۱۵۰	یہاں مقصد لکھیں	۱۹۷۳۱۸۱۰
۱۶۹۱۴۹۸۰	۱۱۴۷۵۳۶۰	۵۶۳۷۶۶۰

عزرائیل

اسرافیل

از تحریر: ڈاکٹر نیر عباس علوی، لاہور

کرشمات صدری عملیات

بندش کاروبار کا حقیقی صدری توڑ

۷۸۶
۱۲۸/۱۱۸/۱۳۵/۱۱۰/۹۲/۶۶
اجب یا جبرائیل بحق یا اللہ

نادعلیاً	یا محمدؐ	وغمٍ	النوائب
سینجلی	فی	مظھر	تبوتك
لك	كلُ	یا اللہ یا محمدؐ یا علیؑ	العجائب
بولایتك	تجدہ	عوناً	همٍ

شمعائیل
کہیعص
حمعسق

الٰھی بحق ایں کلام فلاں بن فلاں
کا کاروبار کشودہ شود
العجل الساعۃ الواحا

علیؑ	محمدؐ	اللہ
۶۵	۱۰۹	۹۳
۹۳	۶۷	۱۰۸

ترکیب عمل:

پہلے تحقیق کرلیں یا کروالیں کہ آپ پر واقعی کسی نے بندش کروادی ہے یا آسیبی و جناتی اثرات کی وجہ سے کاروبار بند ہے۔ بصورت دیگر اپنے افعال و کردار پر توجہ دیں، کثرت سے استغفار کریں، صدقات دیں۔ یتیم و مساکین کی خبر گیری کریں، قضا نمازوں کی ادائیگی کا بندوبست کریں، چھوٹوں پر شفقت اور بڑوں سے ادب کے ساتھ پیش آئیں، کسی کا حق دبا رکھا ہے کسی پر ظلم و ستم کیا ہے تو اس سے معافی مانگیں، حج و زیارات پر جائیں یا زائرین سے دعا کریں، انشاء اللہ خیر و برکت ہوگی۔

اگر پھر بھی اثرات جوں کے توں رہیں یا تحقیق سے پتہ چل جائے کہ آسیبی و جناتی یا سحر جادو ٹونہ کی بندش سے کاروبار متاثر ہے۔

(1) **صدقہ رزق:** چاول، باجرہ، چینی تین کلو لے کر مکس کرلیں، پھر 7 برابر حصے کریں، روزانہ صبح کیڑے مکوڑوں کی رہائش گاہ/ بل پر ڈال دیا کریں، پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔

(2) **نیاز پنجتن پاکؑ:** سوا کلو کھیر پکا کر نیاز دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔

(3) اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف (110 بار) ناد علی صغیر یا پھر استغاثہ پڑھ کر چاروں طرف دم کریں اور دعا کریں، کھڑے ہو کر۔

یا علی علیہ السلام شیر خدا وقت مدد گاری ہے
تو نے لی سب کی خیر اب تو میری باری ہے
اس بحر طلاطم ئے سے تمھی پار کرو گے
حل المشکلات میری یا حیدرِ کرار کرو گے

(4) بروز نوچندی جمعرات کو نقش باوضو زعفرانی سیاہی سے تحریر کرکے نیاز دلاؤ، استغفار پڑھ کر نادِ علیؑ 110 مرتبہ پڑھ کر دم کرو، چاندی میں مڑوا کر پہن لو۔ نیت کرو کہ جتنا مال ملے گا، میں اس میں سے خمس ادا کروں گا۔ انشاء اللہ ہر قسم کی سخت سے سخت بندش ٹوٹ جائے گی، غیب سے رزق کا سامان ہوگا، سحر جادو ٹونہ و بندش آسیب و جنات دفع ہوجائے گی، اچھے اچھے خواب دکھائی دیں گے، کثرت سے درود شریف پڑھیں، صدقات دینے میں کبھی کوتاہی نہ کریں، کسی سے زیادتی کریں نہ کسی کو دکھ دیں، مومنین کی دعوت کریں۔ ذکر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محافل و مجالس منعقد کرائیں، بہت جلد مالدار ہو جاؤ گے۔ دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت آپ کو اپنے مقاصد میں کامیابی عطا فرمائیں۔ محترم پیر سید انتظار حسین شاہ زنجانی اور ان کے رفقاء کو مولا اجر عظیم عطا فرمائے اور رسالہ آئینہ قسمت کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ مزید معلومات کے لیے قبلہ شاہ زنجانی صاحب یا پھر مجھ حقیر کی خدمات حاضر ہیں۔



ازتحریر: قیصر احمد بی۔اے، کراچی

کرشمۂ صدقہ

صدقہ رَدِّ بلا ہے، موت کو ٹالتا ہے

معزز قارئین کرام! كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ

ہر نفس کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے۔ موت برحق ہے اور جو رات اللہ تعالیٰ نے لکھ دی ہے، وہ رات قبر میں ہی گزارتی ہے۔ اس سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا، جو بنا ہے وہ فنا ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے کا ذکر ہے، جس سے آپ حضرات کو صدقہ کی اہمیت معلوم ہو جائے گی۔

ایک روز حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گزر کسی گھر کے سامنے سے ہوا، جہاں بہت سے لوگ جمع تھے۔ ہر فرد کے چہرے سے خوشی کے جذبات عیاں تھے اور ایسا ماحول تھا کہ جیسے کوئی خوشی کی تقریب منعقد ہو رہی ہے۔ آپؑ نے دریافت کیا: آپ لوگ یہاں کیوں جمع ہیں۔

ان میں سے ایک شخص نے جواب دیا۔

"آج اس گھر میں شادی کی تقریب ہے اور شادی میں شرکت کے لیے یہاں مہمان آئے ہیں"۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا: "آج اس گھر میں شادی ہے ہر شخص خوش ہے مگر کل یہی گھر ماتم کدہ بنا ہوا ہوگا"۔ یہ کہہ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام آگے بڑھ گئے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے یہ الفاظ سن کر سب لوگ بہت پریشان اور افسردہ ہو گئے۔ آپس میں کہنے لگے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے نبی ہیں آپ جھوٹ تو بول نہیں سکتے۔ یہ سوچ کر تمام لوگوں کے چہرے اتر گئے۔

دوسرے دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گزر اسی گھر کے سامنے سے ہوا۔ لوگوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو روک کر پوچھا۔ "یا نبی اللہ آپ نے کل ارشاد فرمایا تھا کہ اس گھر میں ماتم برپا ہوگا مگر ہم لوگ تو سب خوش ہیں اور شادی کی تقریب بحسن وخوبی انجام پا چکی ہے، ہم لوگ دلہن کو گھر بھی لے آئے ہیں"۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا: "میں دلہن کے کمرے میں جانا چاہتا ہوں۔ صاحب خانہ سے اجازت لو اور پردے کا بندوبست کراؤ"۔ دلہن کا کمرہ خالی کرایا گیا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام دلہن کے کمرے میں گئے اور آپ نے دلہن کے بستر کا تکیہ اٹھایا اور لوگوں کو دکھایا تو تمام افراد یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ ایک سیاہ ناگ مردہ حالت میں پڑا ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دلہن کو بلوایا اور دریافت کیا "کل تم نے کوئی نیک کام کیا تھا؟"۔ دلہن نے جواب دیا۔

"یا نبی اللہ! جب سب لوگ تقریب سے فارغ ہو کر سو گئے تو ایک فقیر نے دروازے پر صدا لگائی کہ میں بھوکا ہوں، اللہ کے نام پر کوئی مجھے کھانا کھلا دے، میں اٹھ کر باورچی خانے میں گئی اور جو کھانا بچا ہوا تھا، اس فقیر کو دے دیا"۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہا! "یہی وجہ ہے کہ تم زندہ بچ گئیں تم نے جو کھانا فقیر کو دیا وہ تمہاری جان کا صدقہ تھا اور صدقہ رَدِّ بلا ہوتا ہے"۔

ایک روز ایک جوان حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس آیا۔ فرشتہ موت یعنی ملک الموت حضرت عزرائیل علیہ السلام وہاں موجود تھے۔ انہوں نے حضرت داؤد علیہ السلام کو بتایا کہ اس جوان کی زندگی صرف سات دن ہے اور سات دن کے بعد میں اس کی روح کو قبض کرلوں گا۔ وہ جوان اس مجلس سے



اٹھ کر باہر گیا۔ راستے میں ایک فقیر اس کے پاس آیا اور مدد کی درخواست کی، اس جوان نے اس کی مدد کی، یعنی صدقہ دیا۔ سات دن کے بعد وہ نوجوان دوبارہ حضرت داؤد علیہ السلام کے پاس آیا، حضرت داؤد علیہ السلام نے حیرت سے حضرت عزرائیلؑ سے پوچھا تم نے تو یہ کہا تھا سات روز کے بعد یہ نوجوان مرجائے گا۔

ملک الموت نے جواب دیا۔ بالکل اسی طرح میں نے آپ سے کہا تھا، لیکن کیونکہ اس نے صدقہ دیا تھا تو خداوند عالم نے اس کی عمر میں ستر سال کا اضافہ کر دیا ہے۔

ان دو واقعات کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آج کل کے سنگین حالات کی وجہ سے لوگ اپنی جان و مال کا صدقہ نکالا کریں۔

رسول اکرم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے کہ صدقہ جب کسی کے ہاتھ سے جاتا ہے تو وہ صدقہ دینے والے سے کہتا ہے:

(1) فانی تھا مجھے باقی بنا دیا۔

(2) چھوٹا و حقیر تھا مجھے بزرگی بخشی۔

(3) دشمن تھا مجھے دوست بنا لیا۔

(4) تو میرا نگہبان و محافظ تھا، اب میں تیرا محافظ و نگہبان ہوں۔

صدقہ بلاؤں و آفتوں کو رَد کرتا ہے۔ ایک کامیاب دوا ہے، صدقہ دے کر اپنی روزی میں اضافہ کرو، حتیٰ قضاء کو بھی ٹال دیتا ہے، صدقہ ستر (70) قسم کی بلاؤں کو ٹال دیتا ہے، صدقہ مال و دولت کو زیادہ کرتا ہے، صدقہ موت کو ٹال دیتا ہے، صدقہ رزق کا دروازہ کھولنے کی کنجی ہے۔

صبح کا آغاز صدقہ سے کرو۔ اس سے دن کی نحوست دور ہوتی ہے، اسی طرح رات کا آغاز بھی صدقہ سے کرو، اس سے رات کی نحوست دور ہوتی ہے۔ جب بھی سفر کا آغاز کرو، اپنا صدقہ سے شروع کرو اور آیت الکرسی و درود شریف پڑھو۔

بقیہ: نقوش وسعتِ رزق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل اللھم لك الملك تؤتی الملك من تشاء و تنزع الملك

بغیر	یا	لمن
الذی	ارزق	یشاء
یبسط	حساب	باسط

ممن تشاء و تعز من تشاء و تذل من

(9) اس تعویذ کو باوضو کامل سفید کاغذ پر سیاہی سے لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔ ہر نیک کاروبار کے لیے مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نصر من اللہ و فتح قریب و بشر المؤمنین ان تستفتحوا فقد جاء کم الفتح

خیر	واللہ	الرازقین
الرازقین	خیر	واللہ
واللہ	الرازقین	خیر

(10) ہذا تعویذ ہر نیک کاروبار کے لیے مفید ہے۔ تجربہ کر کے دیکھیں اور میرے حق میں دعائے خیر فرمائیں۔ اگر کوئی ان تمام نقوش کو ایک قرطاس پر لکھ کر کاروبار کے لیے استعمال فرمائیں تو بہت بہتر ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللھم اغفرلی و رحمنی و عفنی و رزقنی اللھم اکفنی بحلالك

ورزقنا	وانت	خیر	الرازقین
الرازقین	خیر	وانت	وارزقنا
وانت	وارزقنا	الرازقین	خیر
خیر	الرازقین	وارزقنا	وانت

فارزق

عن حرامك واغنى بفضلك عمن سواك



کرشمات الارواح


از تحریر: رانا ناصر علی، جھنگ

عمل و حاضرات شیخ سدو

معزز قارئین! بہت طویل عرصہ کے بعد قارئین کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ قارئین آئینہ قسمت کے پیار و محبت اور مسلسل فون کالز نے مجھے دوبارہ لکھنے پر مائل کر دیا ہے۔ کیونکہ مصروفیاتِ زندگی اور کافی عرصہ بیمار رہنے کی وجہ سے لکھنے سے قاصر رہا تھا۔ یہ سب قارئین کرام کی محبت و پیار اور دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ بندہ ناچیز حاضر خدمت ہے اور خصوصاً قبلہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی کا بہت بہت شکر گزار ہوں، جنہوں نے مجھ ناچیز کی حوصلہ و عزت افزائی کی جو ان کی خاص مہربانی و نوازش ہے۔ قارئین کرام یوں تو انعامی بانڈز و دیگر بہت سی بین الاقوامی لاٹریوں پر مختلف عملیات پڑھنے کو ملتے ہیں، پر شاید ہی کوئی نایاب صدری عمل ہو جس سے کوئی بندہ فیض حاصل کر سکتے ہیں۔ قارئین کے پرزور اسرار پر اس دفعہ اسی سلسلہ یعنی انعامی بانڈز و دیگر بین الاقوامی لاٹریوں میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے میں خاص الخاص دو فیصد مجرب عمل پیش کر رہا ہوں۔ جس سے ضرور قارئین استفادہ کریں گے۔ یہ عمل مجھے بہت ہی مشکل و دشواری سے ایک عامل سے ملا تھا، وہ بھی کچھ لو اور کچھ دو کے بدلہ میں۔ کیونکہ یہ صدری راز ہوتے ہیں اور عامل ایسے اعمال کو اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں۔ بہر حال جو بھی یہ عمل کرے گا وہ ضرور اس سے استفادہ کرے گا، طریقہ عمل یہ ہے کہ نوچندی اتوار سے اس عمل کو شروع کرتا ہے۔ عمل کے لیے علیحدہ کمرہ منتخب کرتا ہے، جس میں سوائے آپ کے کسی اور کی بالکل آمد و رفت نہ ہو۔ عمل کو رات بارہ بجے شروع کرتا ہے۔ بخور لوبان کا روشن کرتا ہے اور اپنے گرد حصار بدنی کرتا ہے۔ اپنے سامنے عطر چنبیلی گلاب کے پھول سات رنگ کی مٹھائی ضرور رکھیں کیونکہ یہ عمل کا توشہ ہے اور روزانہ سامنے رکھنا ہے اور چراغ گلی جس میں سرسوں کا تیل ڈال کر جلاتا ہے۔ پھر چراغ کی لو پہ نظر رکھ کر پوری یکسوئی سے عمل کو ایک سو گیارہ دفعہ پڑھنا ہے۔ اس کے بعد عمل ختم کر کے بغیر کسی سے گفتگو کیے سو جائیں اور صبح اٹھ کر اپنا کام شروع کر دیں۔ لیکن عمل کا اظہار کسی سے نہ کریں، ورنہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ سات دن تک مسلسل اسی ترکیب سے عمل کرنا ہے۔ دورانِ عمل کے اثرات ہوں گے، اکثر خوفناک اشکال کا ظہور ہوگا اور کمرے میں سائے و پرچھائیاں چلتی پھرتی نظر آئیں گی اور رات کو سوتے ہوئے خواب بھی ڈراؤنے آئیں گے لیکن آپ نے گھبرانا نہیں ہے۔ کیونکہ یہ سب دھوکا ہے، مضبوط دل کے ساتھ عمل کو جاری رکھیں۔ ساتویں دن جب آپ کی پڑھائی ختم ہوگی تو شیخ سدو بہت رعب و دبدبے سے حاضر ہوگا، اس وقت گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس وقت اپنا مدعا بیان کریں اور شیخ سدو سے آنے والے ڈرا کا نمبر پوچھیں وہ آپ کو نمبر دے گا اور کہے گا کہ کام آنے کے بعد میری بھینٹ دینی ہے۔ آپ اس بات کا اقرار کر لیں پھر اس کو رخصت کر دیں اور وہ نمبر جو آپ کو اس نے دینا ہے، اس کو کسی کو نہ بتائیں اور اس نمبر کا بانڈ خرید لیں۔ اس کے بعد جب آپ کامیاب ہو جائیں تو اس کی نیاز دیں۔ لیکن اگر نیاز نہ دی یا کسی کو وہ نمبر ظاہر کیا تو بہت نقصان ہوگا، اس لیے نہایت احتیاط سے کام کریں۔ کیونکہ اگر آپ قواعد سے عمل کریں گے تو پھر کوئی پریشانی نہیں ہے۔ یاد رہے قاعدے میں فائدہ ہے، اس لیے نہایت احتیاط سے عمل سرانجام دیں، انشاء اللہ کامیابی آپ کا مقدر بنے گی۔ میں نے ہر بات کی وضاحت کر دی ہے اگر کسی کو سمجھ میں نہ آئے تو وہ رابطہ کر سکتا ہے اور اس عمل کو بغیر اجازت کیا تو سخت رجعت کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا اس عمل کی اجازت مجھ سے یا شاہ زنجانی صاحب سے ضرور لیں اور ہمارے حق میں دعائے خیر بھی ضرور کریں۔ عمل یہ ہے:

میراں شیخ سدو آسا کے لاڈلے سارے جهان کے پونے لڑجنتی کے جتوا امروهیه تبه هردیو کے

(بقیہ صفحہ نمبر 39 پر)



جنات کی دنیا

از انتخاب: غلام قادر بلوچ، کراچی

تسخیر جنّات کا ایک نادر عمل

الشیخ حبیب بن موسیٰ الرضا اپنی شہرہ آفاق کتاب ''العلوم الغربیہ'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ جو شخص اس بات کا خواہاں ہوں کہ جنات سے دوستی کرے اور دنیاوی امور میں ان سے خدمت حاصل کرے تو چاہیے کہ سات یوم ریاضت کریں۔

ترکیب: عمل آغاز نوچندی جمعرات سے کیا جائے اور عمل کے لیے کسی ایسی جگہ کا انتخاب کرے جو آبادی سے باہر ہو جہاں عام لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو۔ دورانِ چلہ صوم وصلوٰۃ پابندی، ترک حیوانات اور پرہیز جلالی و جمالی رکھیں۔ عمل شروع کرنے سے قبل اپنا حصار کرلیں تاکہ کسی قسم کا خوف دل میں نہ رہے۔ اول کورے سکورے یعنی مٹی کا چراغ خالص سرسوں کے تیل سے روشن کرے پھر بخور عود کو کلے پر سلگائیں۔ عمل روزانہ رات بارہ بجے مقررہ وقت پر سات سو(۷۰۰) بار پڑھنا ہے اور اوّ آخر گیارہ، گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔

عمل ختم کرکے سیدھا گھر آجائے اور راستے میں آتے جاتے کسی سے بات نہ کریں اور نہ ہی کوئی شخص اپنے ہمراہ لے جائیں۔ پس چلہ کشی کے تمام شرائط وآداب کو ملحوظ خاطر رکھ کر روزانہ مقررہ وقت پر عمل کیا کریں۔ دورانِ عمل عالمِ ارواح علوی وسفلی متوجہ ہونگے اور عجیب وغریب مشاہدات کا ظہور ہوگا پس سات یوم کا عمل ہے اختتام چلہ چند اشخاص عالمِ غیب سے نمودار ہونگے جو اہلِ جنات میں سے ہونگے وہ معقول شرائط پر آپ سے عہد کرینگے۔ بعدازاں جو کام اُنکے سپرد کیا جائے گا چشمِ زدن میں پورا کریں گے۔

عبارتِ عمل یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَاطَھُسُوۡساً یَاشَھُوۡساً

یَاشَیۡخُوۡساً یَاشَیۡعَیُوۡساً

یَامَھُطَیۡشاً یَاشَیۡخُوۡساً


یَامَھُلِیۡشاً یَامَھُحَلِیۡشاً

یَاعَلِیۡلِیۡلاً یَاارحم الرّاحمین۔

الاحضار الجنّ

امام الغزالی رسالہ مجربات الروحانیہ کے صفحہ نمبر ۱۲۹ میں تحریر فرماتے ہیں کہ جو کوئی چاہے جنات مسخر ہو تو لازم ہے کہ چالیس یوم ریاضت کریں۔ روح دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ صلوٰۃ وصوم کی پابندی اور شرعی امور کی پاسداری کریں۔

ہر نماز کے بعد گیارہ بار ان آیات مبارکہ کو تلاوت کریں اور نصف رات کو خلوت میں ایک سو گیارہ بار پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ۔ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ بلاناغہ چالیس یوم تک عمل جاری رکھیں اور دورانِ چلہ تمام شرائط وضوابط پر مکمل طور پر عمل کریں پس اختتام چلہ شاہ جنات حاضر خدمت ہو گا حضرتِ سلیمان علیہ السلام کی قسم کے ساتھ ان سے تابعداری کا عہد لیں اور قول واقرار کرلیں وہ اپنی نشانی عامل کو عنایت کرے گا۔ بعدازاں جائز امور میں ان کی خدمت حاصل کریں۔



عمل یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَیۡلٌ لِّکُلِّ أَفَّاكٍ أَثِیۡمٍ۔ یَسۡمَعُ اٰیٰتِ اللّٰهِ
تُتۡلٰی عَلَیۡهِ ثُمَّ یُصِرُّ مُسۡتَکۡبِرًا کَأَنۡ لَّمۡ
یَسۡمَعۡهَا فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ أَلِیۡمٍ۔ وَلَقَدۡ فَتَنَّا
قَبۡلَهُمۡ فِرۡعَوۡنَ وَجَآءَهُمۡ رَسُوۡلٌ کَرِیۡمٌ۔ فَمَ
بَکَتۡ عَلَیۡهِمُ السَّمَآءُ وَالۡاَرۡضُ وَمَا کَانُوۡ
مُنۡظَرِیۡنَ۔ مِّنۡ وَّرَآئِهِمۡ جَهَنَّمُ وَلَا یُغۡنِیۡ
عَنۡهُمۡ مَّا کَسَبُوۡا شَیۡئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوۡا مِنۡ
دُوۡنِ اللّٰهِ أَوۡلِیَآءَ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ۔ یَا
اَیُّهَا الۡمَلِكُ الۡجِنُّ أَنۡتَ مِمَّنۡ تُتۡلٰی عَلَیۡهِ هٰذَا
الۡاٰیَاتِ فَاسۡتَکۡبَرۡتَ وَأُقۡسِمُ عَلَیۡكَ بِأَسۡمَاءِ
الۡخَالِقِ فَتَمَرَّدۡتَ وَتَجَبَّرۡتَ وَاللّٰهُ أَعۡظَمُ
مِنۡكَ وَأَکۡبَرُ وَبِاٰیَاتِهٖ تُزَلۡزَلُ وَتُقۡهَرُ فَاحۡضَرۡ وَإِلَّا
فَأَنۡتَ تَهۡلَكُ بَارَكَ اللّٰهُ فِیۡکُمۡ وَعَلَیۡکُمۡ۔

بقیہ: کرشمات الارواح

فوجدار دھلی کے کوتوال ساری ممبٹی مدھر کے پے سارا بکرا کھائے بھائی میرا بابا میرا آوٹے ھندو مسلمان کے کام کلے تغمہ زنجیر دوڑ دوڑ شیخ شدو دوھائی زنیکا پیر کی۔

حاضراتِ جنات

معزز قارئین کرام! اس دفعہ قارئین کی خدمت میں جنات کی حاضرات کا نایاب عمل پیش خدمت ہے۔ اس عمل سے آپ اپنے نہایت ہی مشکل امور میں مدد لے سکتے ہیں۔ عمل کی ترکیب یہ ہے کہ عمل کو نوچندی جمعرات سے شروع کرنا ہے۔ دورانِ عمل بخور لوبان واگربتی کا روشن کریں، پھر اپنے گرد حصار بدنی قائم کریں۔ دورانِ عمل ایک مٹی کے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر اس کو روشن کریں، دیگر لائٹس وغیرہ نہیں جلانی ہیں، پھر عمل کو ٹھیک بارہ بجے شروع کریں۔ پہلے سورۃ جن 9 دفعہ پڑھیں، عمل کو پانچ سو اکیس دفعہ پڑھیں، پھر اس کے بعد عمل ختم کر کے اسی کمرہ میں سو جائیں، روزانہ اسی ترکیب سے عمل کرنا ہے۔ عمل کا اظہار سوائے اپنے اُستاد سے اور کسی سے نہ کریں، ورنہ عمل ناکام ہوگا۔ دورانِ عمل اثرات ظہور ہوں گے اور حاضرات کے موکلات ڈرانے کے لیے اپنی ہر ممکن کوشش کریں گے پر آپ ثابت قدم رہیں کیونکہ آپ کا اس عمل میں کچھ نقصان ہرگز نہ ہوگا۔ نو دن تک اسی طرح مسلسل بلاناغہ اس عمل کو کرنا ہے، نویں دن جب آپ کی عمل کی تعداد مکمل ہوگی تو اس وقت دو قوی ہیکل سیاہ لباس میں ملبوس جنات حاضر ہوں گے۔ اس وقت آپ نہایت ثابت قدم رہ کر اپنا مدعا بیان کریں اور جو بھی کام ہو وہ اُن سے کہہ دیں، وہ فوراً کریں گے اور جب آپ کے کام ہو جائیں تو اُن کو جانے کی اجازت دے کر رخصت کر دیں اور جب بھی اُن کو طلب کرنا ہو تو اسی ترکیب سے عمل کریں۔ کیونکہ یہ حاضرات جنابت کا وقتی عمل ہے اور یہ کسی مشکل کے وقت ہی کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر آپ دوبارہ اس عمل کو کرنا چاہیں تو اسی ترکیب سے عمل کریں تو جنات حاضر ہوں گے۔ نہایت ہی آسان عمل ہے، اس عمل کو بغیر اجازت ہرگز نہ کریں، ورنہ رجعت کا اندیشہ ہے۔ اس لیے اجازت کے لیے مجھ سے یا شاہ زنجانی صاحب سے رابطہ کریں اور ہمارے لیے دعائے خیر ضرور کریں۔

یَا بَدِیۡعُ یَا لَطِیۡفِ یَا مُسَخِّرُ بِحَقِّ یَا جبرائیل یَا
میکائیل یَا اِسرافیل یَا عزرائیل علیہم السلام